© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الـرحیم

# نظــرات

ناظرین ہمیں افسوس ہے کہ اپریل کا شمارہ بھی غیر معمولی تاخیر سے آپ تک پہنچ رہا ہے ۔ ادارے کے پریس کی آفسٹ مشین جس پر فکرونظر چھپتا تھا ایک فنی خرابی کے باعث عرصہ سے بیکار پڑی تھی ، اب وہ ضـــروری مرمت کے بعد دوبارہ کام کرنے لگی ہے ، یوں تاخیر کے ایک بڑے سبب کا ازالہ ہو گیا ہے ۔

علمی و تحقیقی پرچــوں کے لئے معیاری مضامین کا حصــول بھی ایک مسئلہ ہے ، امید ہے کہ ادارے کے اندر اور باہر فـــاضل اہل قلم کی توجہ سے اس میدان میں بھی صورت حال بہتر ہو جائیگی ۔

پیش نظر شمارے میں مقتدر عـــالم دین مولانا سید احمد سعید کاظمی کی ایک فاضلانہ تحریر ,, بیع خـــنزیر ، قـــرآن و ســـنت کی روشـــنی مـــیں ،، شامل اشاعت ہے ۔ وزارت خـــوراک حـــکومت پاکستان کے ایک استفسار کے جواب میں مولانا موصوف نے یہ تحریر قلمبند فرمائی ۔ افادۂ عـــام کے لئے ســـوال و جواب دونوں ایک ســـاتھ شـــائع کئے جا رہے ہیں تاکہ سمجھنے میں آسانی ہو ۔ مولانا موصوف نے قـــرآن و سنت کی روشنی میں مسئلے کا تحقیقی جائزہ لیکر مدلل اور بصیرت افـــروز جواب تحریر فرمایا ہے ۔

علامہ اقبـــال اوپن یونیورسٹی ، شعبۂ اقبالیات کے صدر ڈاکٹر محمد ریاض نے ,, اقبال اور عالم اسلام ،، پر مـــفید اور لائق مطالعہ مـــواد جمع کر کے پیش کیا ہے ۔ عالم اسلام کے اتحاد کا خواب مسلم مفکرین نے ہر دور میں دیکھا ہے اور ان فتنوں سے مسلمانوں کو آگاہ کیا ہے جو حصار ملت میں رخنہ ڈالنے کیلئے وقتاً فوقتاً اٹھائے جاتے رہے ۔ اقبال کے فکر و فلسفہ میں جو باتیں نمایاں نظر آتی ہیں ان میں سے ایک ,, اتحاد عالم اسلام ،، بھی ہے ۔ مختلف مسلم ممالک کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حوالہ سے انھوں نے اس مسئلے پر ناقدانہ نظر ڈالی ہے اور اپنی مدبرانہ بصیرت سے کام لے کر بہت سی پیچیدہ گتھیوں کو سلجھایا ہے ۔ " اقبالیات " کے متخصص کی حیثیت سے کلام اقبال پر ڈاکٹر ریاض کی نظر عمیق بھی ہے اور بسیط بھی۔ انھوں نے افکار و اشعار اقبال سے اقتباسات درج کر کے مدعا کی بخوبی وضاحت کی ہے ۔

پاکستان میں ملکی قوانین کو اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ کرنے کے لیئے جو مساعی ہو رہی ہیں ان میں قصاص و دیت کے مسائل بعض وجوہ کی بناء پر حال میں بحث و نظر کا مرکز رہے ہیں ۔ ادارے کے فاضل محقق اور " الدراسات الاسلامیة " کے مدیر جناب محمود احمد غازی نے اپنے مفصل مقالے میں قصاص و دیت سے متعلق بعض نکات پر سیر حاصل گفتگو کی ہے ۔ خاص کر عورت کی دیت ، عاقلہ اور قسامت کے مسائل پر ان کی بحث مفید بھی ہے اور دلچسپ بھی ۔

( ادارہ )

© rasailojaraid.com